سبق-5

نیکی

ایک تھے میاں ''پمّی'' اور ایک تھیں اُن کی آپا۔ اپنی آپا کو میاں پمّی اپّی کہا کرتے تھے۔ ایک دن شام کو دونوں سَیر کے لیے نکلے۔ تھوڑی ہی دُور گئے ہوں گے کہ سڑک پر ایک بٹوا پڑا پایا۔ اُسے کھولا تو اس میں نکلا پچاس روپیے کا نوٹ۔ اب تو یہ دونوں بہت خوش ہوئے۔ پمّی بولے ''ہم تو گیند لیں گے۔ پمّی کی اپّی ابھی کچھ کہنے ہی والی تھیں کہ سامنے سے ایک لڑکا آتا دکھائی دیا۔ بے چارہ بہت پریشان،

سَر جُھکائے جیسے کچھ ڈھونڈ رہا ہو۔ پاس آیا تو پمّی کی اپّی نے پوچھا ''تم کچھ پریشان ہو، خیر تو ہے؟'' وہ لڑکا بولا ''جی میں بہت غریب ہوں۔ میری امّی سِلائی کا کام کرتی ہیں۔ آج اُنھیں پچاس روپیے ملے تھے۔ میں لے کر بازار چلا کہ آٹا، دال اور مسالا لاؤں گا اور کل اپنے اسکول کی فیس داخل کروں گا۔ نہیں تو میرا نام کٹ جائے گا۔ لیکن شاید میری جیب تھی پھٹی۔ اس میں سے بٹوا کہیں گِر گیا۔ پمّی اور پمّی کی اپّی نے جھٹ سے کہا ''بھلا یہ تمھارا بٹوا تو نہیں ہے؟'' بٹوا دیکھ کر لڑکا اُچھل پڑا اور بولا ''ہاں ہاں یہی ہے میرا بٹوا۔'' کھول کر دیکھا تو نوٹ بھی مل گیا۔ وہ بہت خوش ہوا۔

پمّی اوران کی اپّی گھر آئیں۔سب کوآج کی سَیر کا حال سُنایا۔اُن کے ابّا جی نے جوسنا تو بہت خوش ہوئے اور دونوں کودس دس روپیے انعام دیے۔

مشق

اِن سوالوں کے جواب دیجیے۔

1. میاں پمّی اپنی آپا کو کیا کہتے تھے؟
2. پمّی اور اپّی کو سڑک پر کیا پڑا ہوا ملا؟

3. لڑکا پریشان کیوں تھا؟

4. لڑکے کی امّی کیا کام کرتی تھیں؟

5. بٹوے میں کتنے روپیے تھے؟

6. ابّا جی نے کیوں انعام دیا؟

خالی جگہوں میں مناسب لفظ لکھیے۔

حال | بٹوا | سَیر | انعام | سلائی | اُچھل

1. ایک دن شام کو دونوں _____ کے لیے نکلے۔
2. سڑک پر ایک _____ پڑا پایا۔
3. میری امّی _____ کا کام کرتی ہیں۔
4. بٹوا دیکھ کر لڑکا _____ پڑا۔
5. سب کو آج کی سَیر کا _____ سنایا۔
6. ابّا جی نے دونوں کو دس دس روپیے _____ دیے۔

مثال دیکھ کر نیچے دیے ہوئے لفظوں میں 'ے ں' ملا کر لکھیے۔

مثال : سڑک = سڑکیں

گیند = _____ جیب = _____

دال = _____ کتاب = _____

حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملائیے۔

الف	ب
دوُر	بھائی
نیکی	امپر
صبح	پاس
لڑکا	بدی
بہن	شام
غریب	لڑکی

نیچے دیے ہوئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھیے۔

1. فیس =
2. بٹوا =
3. گیند =
4. انعام =
5. مسالا =

حصّہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے۔

الف	ب
بٹوا	سلائی مشین
کپڑا	ایمان داری
گیند	نوٹ
فیس	روٹی
نیکی	اسکول
آٹا	کھیل

جملوں کے سامنے صحیح (✓) یا غلط (×) کا نشان لگائیے۔

1. اپنی آپا کو میاں پمّی امّی کہا کرتے تھے۔ ( )
2. ایک دن شام کو دونوں سَیر کے لیے نکلے۔ ( )
3. بٹوا کھول کر دیکھا تو اس میں نوٹ نہیں تھا۔ ( )
4. لڑکا بولا جی! میں بہت غریب ہوں۔ میری امّی سلائی کا کام کرتی ہیں۔ ( )
5. ابّا جی نے سَیر کا حال سُنا تو بہت ناراض ہوئے۔ ( )

سوچیے اور بتائیے۔

1. کن کھیلوں میں گیند کا استعمال ہوتا ہے؟
2. پانچ اور دس روپیے کے نوٹوں کے عِلاوہ اور کون کون سے نوٹ ہوتے ہیں؟
3. سلائی مشین کے علاوہ آپ کے گھر میں اور کون کون سی مشینیں ہیں؟

نیچے دی ہوئی تصویروں کے نام لکھیے۔



_____ _____ _____ _____

خوش خط لکھیے۔

بڑا	_____	_____	_____	_____	_____
گیند	_____	_____	_____	_____	_____
ڈھونڈنا	_____	_____	_____	_____	_____
اُچھلنا	_____	_____	_____	_____	_____
انعام	_____	_____	_____	_____	_____